## روزہ دار مسلمانوں کو خودکش حملے میں ہلاک وزخمی کرنیوالے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں، الطاف حسین
## خیبرایجنسی میں چیک پوسٹ پر خودکش حملے میں متعدد خاصہ داروں کے شہید اور زخمی ہونے کی مذمت

لندن۔۔۔28، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیبرایجنسی میں چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملے کے نتیجے میں متعدد خاصہ داروں کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں روزہ دار مسلمانوں کو خودکش حملے میں ہلاک وزخمی کرنے والے انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے بے گناہ شہریوں کا لہو بہارہے ہیں وہ اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ خیبرایجنسی میں خودکش حملے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور خودکش حملوں کی ترغیب دینے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اپنے ذاتی معالج اور کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے پرنسپل
## ڈاکٹر وقار کاظمی کی والدہ محترمہ حسن آراء کاظمی کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔28 اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے ذاتی معالج اور کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے پرنسپل ڈاکٹر وقار کاظمی کی والدہ محترمہ حسن آراء کاظمی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر وقار کاظمی اور ان کے تمام اہل خانہ سے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ حسن آراء کاظمی کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## جناح پور نقشہ کا گھناؤنا الزام ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی سازش تھی، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔28/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ خواتین نے کہا کہ ہے کہ جناح پور نقشہ کا گھناؤنا الزام ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی سازش تھی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد کی جماعت ہے جس نے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف آواز اٹھائی اور غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر جناح پور بنانے کا جھوٹا اور بے بنیاد الزام عائد کرنا ایم کیوایم کو ملک دشمن اور غدار وطن جماعت قرار دینے کی کوشش تھی تاکہ ایم کیوایم کو بالخصوص پنجاب کے عوام سے دور کیا جاسکے اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو تحفظ فراہم کیا جاسکے۔ شعبہ خواتین کی ارکان نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کے سامنے یہ حقیقت واضح ہوچکی ہے کہ ایم کیوایم محبّ وطن جماعت ہے اور انشاءاللہ ملک بھر کے عوام متحد ہوکر ملک اور اس کے غریب عوام کے بہتر مستقبل کیلئے مشترکہ جدوجہد کریں گے۔

## ایم کیوایم بلا رنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہیں، فرخ اعظم

کراچی۔۔۔28/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ حق اور سچ کیلئے آواز بلند کی ہے اور وہ ملک کے مظلوم ومحکوم عوام میں شعوری بیداری کیلئے دن رات محنت کررہی ہے۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم آگرتاج سیکٹر کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر KMOC کے اراکین بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان گھر گھر جاکر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے عوام کو آگاہ کریں تاکہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عوام کو متحد کیا جاسکے۔

## قاضی عبدالغفار اور محبوب کریم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔28، اگست 2009 ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 4 کے کارکن قاضی عبدالغفار اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محبوب کریم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن قاضی عبدالغفار اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محبوب کریم انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 4 کے کارکن کارکن قاضی عبدالغفار اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محبوب کریم انتقال کر گئے۔ قاضی عبد الغفار مرحوم کی عمر 55 سال تھی اور وہ دل کے عارضے میں مبتلا تھے اور مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے۔ گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی اور وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور انتقال کر گئے۔ مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، 5 بیٹے اور 2 بیٹیاں شامل ہیں جبکہ محبوب کریم مرحوم کی عمر 55 سال تھی اور طبیعت اچانک بگڑ جانے کے باعث انتقال کر گئے، ان کے سوگواران میں بیوہ اور 3 لڑکے شامل ہیں۔ دریں اثناء قاضی عبدالغفار مرحوم کو نیو کراچی ٹاؤن 6 نمبر اور محبوب کریم مرحوم کو کورنگی نمبر 1 چکرا گوٹھ کے قبرستانوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ذمہ داران، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکر یونٹ 4 کے کارکن قاضی عبدالغفار، ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محبوب کریم، ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ یوسی 13 کے یونٹ انچارج خالد کے والد عبدالوحید، ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133 کے جوائنٹ یونٹ انچارج شاہد علی خان کے بھائی ساجد علی خان، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن ضیاء کی والدہ محترمہ خورشید بیگم اور ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن جواد اللہ کے والد لیاقت علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆